• درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

ایک دریا کا پُل بہت تنگ تھا۔ اس پر سے دو بکریوں کا ایک ساتھ گزرنا ناممکن تھا۔ ایک دن ایک بکری اس پُل پر جا رہی تھی۔ پُل کے بیچ میں پہنچ کر اُسے ایک اور بکری ملی۔ پہلی بکری دوسری بکری سے کہنے لگی، ''تم واپس چلی جاؤ تا کہ میں پہلے پُل پار کر لوں۔'' دوسری بولی، ''میں کیوں واپس جاؤں۔ تم جاؤ اور مجھے گزر جانے دو۔'' پہلی بکری اکڑ کر بولی، ''تمھیں واپس جانا پڑے گا کیوں کہ میں تم سے زیادہ طاقت ور ہوں۔''

دوسری نے کہا،

''زیادہ تو کیا تم تو طاقت میں میرے برابر بھی نہیں ہو۔''

پہلی بکری کو یہ سن کر غصہ آ گیا۔ وہ بولی، ''اچھا اس کا ابھی پتا لگ جائے گا۔''

یہ کہہ کر اس نے لڑنے کے لئے اپنے سینگ جھکا لیے۔

یہ دیکھ کر دوسری بکری چلا کر بولی، ''ٹھہرو! لڑنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ میری سمجھ میں ایک ترکیب آئی ہے۔ میں پُل پر لیٹ جاتی ہوں تم میرے اوپر سے گزر جاؤ۔'' یہ کہہ کر وہ پُل پر لیٹ گئی اور پہلی بکری آہستہ آہستہ اس کے اوپر سے گزر گئی۔ اس کے بعد دوسری بکری بھی آرام سے پار اُتر گئی۔

یوں سمجھوتا کرنے سے دونوں کا کام چل گیا۔ سچ ہے جو کام غصے سے نہیں نکل سکتا وہ نرمی اور عقل استعمال کرنے سے نکل آتا ہے۔

سوال نمبر ا۔ عبارت کے مطابق سوال کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔ (۲)

ا۔ دریا کا پُل کیسا تھا؟

- چوڑا
- بڑا
- تنگ

۲۔ پہلی بکری کو دوسری بکری کہاں ملی تھی؟

- پُل کے شروع میں
- پُل کے بیچ میں
- پُل کے آخر میں

۳۔ پہلی بکری نے اکڑ کر کہا؟

- میں طاقت ور ہوں
- میں بڑی ہوں
- میں مضبوط ہوں

۴۔ دوسری بکری نے پُل پر کیا کیا؟

- سو گئی
- لیٹ گئی
- بھاگ گئی

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل بیانات کے جوابات میں سے درست کے سامنے درست (✓) کا نشان اور غلط کے سامنے غلط (✗) کا نشان لگائیے۔ (۲)

۱۔ پہلی بکری نے کہا کہ پہلے میں دریا پار کروں گی۔ ______________

۲۔ دوسری بکری پُل سے واپس چلی گئی۔ ______________

۳۔ پہلی بکری نے لڑنے کے لیے سینگ جھکا لیے۔ ______________

۴۔ دونوں بکریاں دریا میں گر گئیں۔ ______________

سوال نمبر ۳۔ سوالات کے جوابات لکھئے۔

۱۔ پُل پر سے کتنی بکریاں ایک وقت میں گزر سکتی تھیں؟ (۱)

۲۔ دوسری بکری کے ذہن میں کیا ترکیب آئی؟ (۲)

۳۔ آپ کے خیال میں اگر دونوں بکریاں پُل پر لڑتیں تو کیا ہوتا؟ (۱)